# انشائی طرز

## حصہ دوم

## مختصر سوالات کے جوابات

(iii)

### ایک سے زیادہ بیویاں ہونے کی صورت میں حکم:

اللہ تعالیٰ نے ایک سے زیادہ بیویاں ہونے کی صورت میں یہ حکم کیا ہے کہ:

"اگر تمہارے بس میں نہیں ہے بیویوں کے درمیان پورا عدل کر سکو، اگر تم کتنی ہی خواہش کرو تو ایک ہی کی طرف پورے میلان کے ساتھ مائل نہ ہو جاؤ کہ تم دوسری کو درمیان میں معلق کی طرح چھوڑ دو!"

5

# VIII

## سورۃ النساء کی وجہ تسمیہ:

"نساء کا مطلب ہے "عورتیں" کیونکہ اس سورت میں عورتوں کے حقوق اور احکام زیادہ تفصیل سے بیان ہوئے ہیں۔ اس لیے اسے سورۃ النساء کا نام دیا گیا ہے۔"

## مرکزی مضامین:

اس سورت کا مرکزی مضمون عورتوں کے حقوق، مسلمانوں کے اجتماعی اور معاشرتی زندگی سے متعلق احکام و قوانین اور ساتھ ہی فروغ اسلام کی بھرپور کوشش کرنا اور منافقین کی اسلام سازشوں سے حد درجہ محتاط رہنے کی تاکید ہے۔

# II

| معنی | الفاظ |
|---|---|
| عہد، قول | بالعُقُود |
| آپ سے پوچھتے ہیں | يَسْئَلُونَكَ |
| ناک کے بدلے ناک | اَلْاَنْفَ بِالْاَنْفِ |

| معنی | الفاظ |
| --- | --- |
| دانت کے بدلے دانت | اَلسِّنَّ بِالسِّنِّ |

# 7

## سورۃ المجادلہ کی روشنی میں

## مجلس کے آداب:

مجلس کے بہت سے آداب ہیں لیکن سورۃ المجادلہ سے درجہ ذیل آداب کا درس ملتا ہے:

1- کسی بُرائی کے لیے مجلس نہ بنانا۔

2- نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں کے لیے مجلس بنانا۔

3- مجلس میں ضرورت کی بناء پر کشادگی پیدا کرنا۔

4- ضرورت کے وقت اپنی جگہ سے اُٹھنا۔

# 17

## حضرت عیسیٰ کی اپنی قوم کو نصیحتیں:

حضرت عیسیٰ نے اپنی قوم کو یہ نصیحت فرمائی کہ:

"اے بنی اسرائیل! اللہ کی عبادت کرو جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے۔ بیشک جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرتا ہے تو یقیناً اللہ نے اس پر جنت حرام کر دی ہے اور اس کا ٹھکانہ جہنم کی آگ ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔"

(ix)

## حاملہ عورت کی عدت:

"حاملہ عورتوں کی عدت ان کے "وضع حمل" (بچہ جننے) تک ہے۔

## حیض سے ناامید عورت کی عدت:

وہ عورتیں جو حیض سے نا امید ہو چکی ہوں اور تمہیں ان کی عدت کے بارے میں شک ہو تو ان کی عدت "تین مہینے" ہیں۔

# حصہ سوم

## تفصیلی سوالات کے جوابات

### سوال - ۶

### بنو نضیر کی جلا وطنی کی وجوہات:

مدینے کے اطراف میں تین قبیلے آباد تھے یہودیوں کے: بنو نضیر، بنو قریظہ اور بنو قینقاع۔

### ہجرت کے بعد نبی کریم ﷺ کا معاہدہ:

ہجرت کے بعد نبی کریم ﷺ نے ان سے معاہدہ بھی کیا لیکن یہ لیکن یہ لوگ در پردہ سازش کرتے رہے اور کفار مکہ سے

بھی مسلمانوں کے خلاف رابطہ رکھا حتیٰ کہ ایک موقع پر آپ ان کے پاس گئے ہوئے تھے۔

## آپ کو مارنے کی کوشش:

بنو نظیر نے رسول پر اوپر سے ایک بھاری پتھر پھینک کر آپ کو مار ڈالنے کی سازش تیار کی جس سے وحی کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے آپ کو بروقت اطلاع دی اور آپ وہاں سے واپس تشریف لے آئے۔ ان کی اس عہد شکنی کی وجہ سے آپ نے انہیں جلا وطن کر دیا۔ 8

---

## سوال ـ 3 ـ

## مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں کے اوصاف:

سورۃ احزاب میں مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں کے مندرجہ ذیل اوصاف بیان ہوئی ہیں

1- **فرمانبرداری:**
اللہ اور اس کے رسول کے احکام کو بغیر چوں و چراں ماننا اور ان پر عمل کرنا۔ زندگی کے ہر معاملے میں شریعت کو ترجیح دینا۔

2- **صبر و استقامت:**
مشکل حالات، آزمائشوں اور تکالیف میں ثابت قدم رہنا، اور اللہ کی رضا پر راضی رہنا۔ عبادات میں مستقل مزاجی۔

3- **انکساری و عاجزی:**
غرور سے بچنا، اپنے آپ کو اللہ کے سامنے حقیر جاننا، اور دوسروں کے ساتھ نرمی و تواضع سے پیش آنا۔

4- **اللہ کا کثرت سے ذکر کرنا:**
نماز، تسبیح،

تلاوتِ قرآن، اور ہر وقت اللہ کو دل و زبان سے یاد رکھنا۔ اللہ کی یاد سے دلوں کو سکون حاصل ہوتا ہے۔

5- **روزے رکھنا:**

اللہ کے حکم کے مطابق رمضان کے روزے رکھنا اور نفلی روزے بھی رکھنا۔

## اجر کی نوید:

8/7

مسلمان مرد اور عورتوں کو مندرجہ ذیل اجر کی نوید سنائی گئی ہے:

1- **مغفرت:**

اللہ ان تمام افراد کی پچھلی خطاؤں کو معاف فرما دے گا۔

2- **اجرِ عظیم:**

عظیم اجر کا مطلب ہے وہ انعام جس کی کوئی حد نہیں۔ اس میں شامل ہو سکتا ہے۔

← جنت میں اعلیٰ مقام

← اللہ کی رضا و قربت

- دائمی نعمتیں اور آرام

3- **آخرت کی کامیابی:**

یہ اجر صرف دنیاوی انعامات تک محدود نہیں بلکہ:

- ہمیشہ کی جنت
- دوزخ سے نجات
- قیامت کے دن کے خوف سے امن
- اللہ کی رحمت کا سایہ

## حاصل کلام:

اوپر بیان کئے گئے صفات اور اللہ کا ان کو اجر دینے کے وعدے سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے جو مرد و عورت اللہ کا تقویٰ اختیار کرتا ہے اللہ اس کو مغفرت کا عظیم درجہ دے گا اور آخرت میں بھی ان کو کامیاب کرے گا۔